11 مارچ 2013ء

اشرف محمود وتھرا نے اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر کی ذمہ داریاں سنبھال لیں

جناب اشرف محمود وتھرا نے آج اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ڈپٹی گورنر کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ وفاقی حکومت نے 5 مارچ 2013ء کو تین سال کے لیے جناب وتھرا کے بطور ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک تقرر کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔ یہ مدت ان کے عہدہ سنبھالنے کے دن سے شمار ہوگی۔

جناب وتھرا کمرشل اور سرمایہ کاری بینکاری کا 35 سالہ تجربہ رکھتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک سے وابستہ ہونے سے قبل وہ اکتوبر 2012ء سے نیشنل بینک آف پاکستان میں سینئر ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ اور گروپ چیف، کریڈٹ مینجمنٹ گروپ کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے تھے۔

نیشنل بینک آف پاکستان سے قبل جناب وتھرا اپریل 1999ء سے ستمبر 2012ء تک مختلف ذمہ دار عہدوں پر حبیب بینک لمیٹڈ میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ ریجنل جنرل منیجر (بنگلہ دیش)، ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ اور ریجنل جنرل منیجر (سنگاپور)، ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ، گروپ ایگزیکٹو، رسک منیجر اور سینئر کریڈٹ آفیسر، ایسیٹ ریمیڈیل مینجمنٹ گروپ کی حیثیت سے کام کرچکے ہیں۔

وہ مئی 1992ء سے مارچ 1999ء تک فیصل بینک لمیٹڈ سے وابستہ رہے اور سینئر عہدوں پر خدمات انجام دیں جیسے ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ اور کنٹری رسک منیجر، ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ اور ریجنل منیجر اور سینئر وائس پریزیڈنٹ اور چیف منیجر۔ 1978ء سے 1992ء تک وہ بی آر آر کیپٹل مضاربہ، ایمریٹس بینک انٹرنیشنل، امریکن ایکسپریس بینک لمیٹڈ اور اے این زیڈ گرینڈلیز بینک سے وابستہ رہے۔ انہوں نے حبیب فنانس انٹرنیشنل، ہانگ کانگ اور حبیب فنانس، آسٹریلیا میں بطور ڈائریکٹر بھی فرائض انجام دیے۔

جناب وتھرا بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز کی سند رکھتے ہیں اور وارٹن (Wharton)/ ایس ایم یو جنرل مینجمنٹ پروگرام، آپریشنل رسک مینجمنٹ اور ایشین بانڈ سمٹ وغیرہ سمیت بیرون ملک اور اندرون ملک متعدد سیمیناروں، کانفرنسوں اور کورسز میں شرکت کرچکے ہیں۔

ارشد محمود وتھرا کاروباری اداروں کی تشکیل نو اور تنظیم نو کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ سرمایہ کاری بینکاری اور کمرشل بینکاری کے آپریشنز، ٹریڈ فنانس پراڈکٹس اور فراہمی کے نظاموں سے متعلق وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ اسلامی مالیات کے مختلف طریقوں پر عبور رکھتے ہیں اور انہیں کارپوریٹ، حکومت اور امدادی ایجنسیوں کے کام کا وسیع مارکیٹنگ تجربہ ہے۔ وہ لائن مینجمنٹ، آڈٹ اور رسک ریویو، کریڈٹ اور رسک مینجمنٹ کا بھی تجربہ رکھتے ہیں۔

☆☆☆